بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

پریس ریلیز

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان میٹرک (کمبائنڈ) سالانہ امتحان 2017ء انشاءاللہ مورخہ 01-03-2017 سے شروع ہو رہا ہے۔اس سلسلہ میں پرائیویٹ امیدواران کو رولنمبر سلپس بمعہ ڈیٹ شیٹ ان کے دیے گئے پتہ جات پر ارسال کردی گئی ہیں تاہم پرائیویٹ امیدواران خود بھی بورڈ کی ویب سائٹ سے رولنمبر سلپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں جبکہ ریگولر امیدواران کو سلپس ان کے ادارہ جات خود ڈاؤن لوڈ کر کے دیں گے۔ مورخہ 25-02-2017 تک رولنمبر سلپ نہ ملنے کی صورت میں داخلہ فارم جمع کروانے کے ضروری کوائف کے ساتھ دفتر سے رابطہ کریں۔

تمام امیدواران مطلع رہیں کہ امتحانی مراکز پر موبائل فون لے جانا اور اس کا استعمال قطعی ممنوع ہے کسی امیدوار سے موبائل فون برآمد ہونے کی صورت میں اس کے خلاف حسب ضابطہ UMC اور پولیس کیس رجسٹرڈ کیا جائے گا۔مزید برآں کسی بھی قسم کے ناجائز ذرائع کے استعمال پر بورڈ قوانین کے مطابق UMC اور پولیس کیس رجسٹرڈ کروایا جائے گا۔

تمام امیدواران امتحان میٹرک سالانہ 2017ء (کمبائنڈ) اس بات کو یاد رکھیں کہ وہ اپنا پرچہ دینے کے لیے امتحانی مراکز پر پرچہ شروع ہونے سے 30 منٹ (آدھ گھنٹہ) پہلے پہنچ کر اپنی مقرر کردہ سیٹ پر بیٹھ جائیں۔تاکہ تمام کوائف کے اندراجات صحیح طور پر مکمل کر کے پرچہ بروقت شروع کیا جاسکے۔طلباء Bubble Sheet پر کرنے کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ www.bisesahiwal.edu.pk سے راہنمائی حاصل کریں اور خصوصی طور پر معروضی پیپر کوڈ کا جوابی کاپی کے دونوں جانب متعلقہ Bubble Sheet پر لازماً صحیح طور پر اندراج کریں۔غلطی/ کوتاہی کی صورت میں امیدوار خود ذمہ دار ہونگے۔ریگولر ادارہ جات بورڈ کی ویب سائٹ/انٹرنیٹ کے کسی بھی مسائل کے حل یا راہنمائی کے لیے شعبہ کمپیوٹر کے فون نمبر 040-9200523 پر رابطہ کریں۔مزید معلومات کے لیے بورڈ کے ان ٹیلی فون نمبروں پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

کنٹرولر امتحانات 040-9200518 اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (میٹرک) 040-9200521

کنٹرولر امتحانات

نمبر 485 ACE(M)

مورخہ 22-02-2017

کاپی برائے اطلاع

۱۔ ڈائریکٹر کالجز ساہیوال ڈویژن، ساہیوال
۲۔ ایگزیکٹوڈسٹرکٹ آفیسر (ایجوکیشن) ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن
۳۔ صدر پریس کلب، ساہیوال برائے اشاعت قومی ومقامی اخبارات
۴۔ صدر ایڈیٹرز کونسل، ساہیوال برائے اشاعت قومی ومقامی اخبارات
۵۔ جملہ برانچ آفسران، بورڈ ہذا
۶۔ ویب ڈویلپر /ویب مینجر برائے سائٹ